15/05/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر میں شیخ یاسین

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

// *........ وزیر اعظم 5 ملکوں کے چھ روزہ دورے کے پہلے مرحلے میں پہنچے ابو ظہبی کے صدرکے ساتھ باہمی دلچسپی کے معاملات پر کیا تبادلہ خیال ۔ UAE

گنجائش والے گرڈ سب سٹیشن کی صلاحیت بڑھا MVA * ........ زینہ کوٹ سرینگر میں قائم 450 کرنے کو وزارتی کونسل کی منظوری ۔ MVA کر 780

کے دوبارہ امتحان کے لئے 21 جون کی تاریخ مقرر // نیشنل ٹیسٹنگ NEET-UG-2026 ........* ایجنسی کا اعلان ۔

اور

*........جموں کشمیر میں نشہ مکت ابھیان کے تحت مختلف سرگرمیاں جاری ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی کے 5ملکوں کے چھ روزہ دورے کے پہلے مرحلے میں آج ابو ظہبی پہنچ کے صدر شیخ محمدبن زائد النیہان کے ساتھ باہمی دلچسپی کے UAE گئے جہاں انہوں نے معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ بھارت اور متحدہ عرب امارات نے دفاعی شراکتداری کے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ۔ اس کے علاوہ پیٹرولیم کے ذخائر کے علاوہ دیگر کئی شعبوں میں بھی مفاہمت ناموں کو حتمی شکل دی گئی ۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے متحدہ عرب امارات پر کئے گئے حالیہ حملوں کی مذمت کرتے ہوئے انہیں نا قابل قبول قرار دیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہوئی وزارتی کونسل کی میٹنگ میں زینہ کوٹ MVA گنجائش والے گرڈ سب سٹیشن کی صلاحیت بڑھا کر MVA 780 سرینگر میں قائم 450 کرنے کو منظوری دی گئی ۔ اس پروجیکٹ پر 67 کروڑ 66 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی ۔ پانپور - راولپورہ اور راولپورہ - بمنہ ٹرانسمشن لائنوں کی تجدید کاری کو KV کونسل نے 132

بھی منظوری دی ہے ۔ اس پروجیکٹ پر 25 کروڑ 47 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ ان پروجیکٹوں کا مقصد سرینگر اور ملحقہ علاقوں میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنا ہے ۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے طلباءکو معیاری تعلیم فراہم کرنے اور دور دراز علاقوں کے طلباءکو مقامی سطح پر معیاری تعلیم فراہم کرنے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ ادھمپور ضلع کے مجالٹہ علاقے میں گورنمنٹ ڈگری کالج کی نئی عمارت کا افتتاح کرنے کے موقعے پر انہوں نے کالج کے عملے پرزور دیا کہ منشیات سے پاک سماج کے قیام کیلئے طلباءمیں نشہ خوری کے مضر اثرات سے متعلق ضروری بیداری پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان قوم کی تعمیر میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں لہذا اُنہیں چاہیے کہ وہ سماج کو اس بدعت سے پاک کرنے میں ایک تعمیری رول اد اکریں ۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاویداحمد ڈار نے دلورہ رفیع آباد میں سید میوان شاہ قلندرؒ کی زیارت پر حاضری دے کر جموں کشمیر میندائمی امن اور خوشحالی کیلئے دعا کی ۔ بعد میں انہوں نے محکمہ باغبانی کے دفتر کا دورہ کرکے وہاں پر بنیادی سہولیات سمیت باغ مالکان کو فراہم کی جانی والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوننے باغبانی شعبے کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے افسران پر زور دیا کہ وہ باغ مالکان کو تمام تر لازمی سہولیات و خدمات مہیا رکھیں۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا ے آج کئی وفودسے ملاقات کرکے مختلف نوعیت کے مسائل اُن کی دانست میں لا کر اس سلسلے میں حکومتی مداخلت طلب کی ۔ کشمیر ٹمبر ایسو سی ایشن نے وزیر کوایک یادداشت پیش E-Way بل سسٹم کے نفاذ کے تعلق سے وزیر کوایک یادداشت پیش کی وفد نے پوری یو ٹی میں کی ۔ مینڈھر سے آئی ہوئے ایک وفد نے علاقے میں واٹر سپلائی سکیمونکا درجہ بڑھانے کا مطالبہ وزیر کے سامنے رکھا ۔ وزیر نے مطالبات غور سے سُنے اور اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات کرنے کی ہدایات دی۔

راتھر

صحت عامہ کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے اور مریضوں کو دستیاب سہولیات کو موثر بنانے کی ایک کڑی کے بطور قانون ساز اسمبلی کے سپیکرعبدالرحیم راتھر کرمشورہ بڈگام میں آج کیمونٹی ہیلتھ سینٹر میں کئی طبی سہولیات کا افتتاح کیا۔ ان سہولیات میں Hot Line سروس شامل ہے ۔Chair مشین اور جدید طرز کی ڈینٹلUSG،

اس موقعے پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے عبدالرحیم راتھر نے کہا کہ حکومت طبی سہولیات میں بہتری لانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں طبی بنیادی ڈھانچہ کو تقویت

بخشنا سرکار کی ترجیح ہے تاکہ یہاں کے لوگوں کو معمولی تشخیص کیلئے قصبوں اور شہروں کا رُخ نہ کرنا پڑے ۔

دھرمیندر پردھان ۔

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ طلباء، حکومت کی ترجیح ہیں۔ نئی دلی یوجی امتحان، اگلے (NEET )میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دھر میندر پردھان نے کہا کہ پر مبنی طریق کار کے بجائے، کمپیوٹرپر مبنی ٹیسٹ کے طریقے سے OMR سال سے موجودہ کو واضح اصلاحات کی ضرورت ہے۔ NTA کرایا جائے گا۔تعلیم کے وزیر نے اعتراف کیا کہ

-----Dharmendar------

کا دوبارہ امتحان، اگلے مہینے کی 21 تاریخ کو کرایا NEET UG یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ 2026 جائے گا۔

داخلے

جموں کشمیر کے ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ کورسز اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ پروگراموں کیلئے داخلے کا عمل شروع ہو گیا ہے -PG

تفصیلات دیتے ہوئے جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

...........Aijaz Bashir...........

حج کمیٹی

UPSC نے Residential Coaching Institute جموں کشمیر حج کمیٹی کے زیر اہتمام حج ہاوس امتحانات کی خاطر تیاری کرنے والے خواہشمند امیدواروں کی کوچنگ کے لئے JKPSC اور درخواستیں طلب کی ہیں ۔

اس بارے میں جے اینڈ کے سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

...........Dr. Shujat........

پروگرام

کشمیر کی ثقافتی وراثت کو تحفظ فراہم کرنے کےلئے کام کرنے والی" کشیر ہسٹری فاؤنڈیشن" کے نام سے "The First Travelling Museum and Cultural Festival"کے اہتمام سے سرینگر میں آج سے تین روزہ پروگرام کا آغاز ہوا۔

پروگرام کے پہلے دن مقررین نے کشمیر کی صدیوں پر محیط تاریخ کے موضوعات پر مقالے پیش کئے ۔

نشہ

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت یوٹی کے سبھی اضلاع میں سیول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف سرگرمیاں جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG-----

اس بارے مینڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

--- Dr Bilal---

پولیس کاروائی

منشیات کے خلاف جاری کاروائی کے تحت بڈگام پولیس نے ضلعے کے چاڈورہ علاقے میں غلام محمد وانی اور محمد ہاشم رینہ نامی دو ڈرگ سمگلروں کی 80 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ۔ ہندواڑہ اور کولگام میں خشخاش کی کاشت کو تباہ کیا گیا ۔

بارہمولہ میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پیدا کرنے کے لئے پولیس کے اہتمام سے پروگرام منعقد کئے گئے ۔

جموں صوبے کے ریاسی ضلعے میں سریش کمار اور جیون لال نامی منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا ۔

کٹھوعہ میں مُنیش کمار جبکہ ادھمپور میں چیتن نامی ڈرگ سمگلروں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ۔

سانبہ ضلعے کے رام نگرمیں عبدالحبیب نامی ڈرگ سمگلر کا رہائشی مکان مسمار کیا گیا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----

IICT

انڈین انسٹیچوٹ آف کارپیٹ ٹیکنالوجی سرینگر کل یعنی 16 مئی کو دستکاروں اوربُنکروں کے لئے آنکھوں کے امراض کی تشخیص کے لئے ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کر رہا ہے ۔ یہ کیمپس باغ علی مردان خان سرینگر میں منعقد ہو گا ۔ اس IICT کیمپ کل صبح ساڑھے گیارہ بجے کے ڈائریکٹر زبیر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔ IICT بارے میں

--

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ عوام کے منتخب نمائندے موثر انداز میں لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے کام کر سکتے ہیں ۔ اننت ناگ میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار کو جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنا چاہئے ۔

تنویر صادق

نیشنل کانفرنس کے ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار کھیل کود کو فروغ دینے کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے ۔ سرینگر میں ایک پرائیویٹ سکول میں منعقدہ انٹر سکول گرلز کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں شرکت کے بعد انہوں نے کہا کہ کھیل سرگرمیاں نوجوان نسل کی جسمانی ، ذہنی اور اخلاقی تربیت میں کلیدی رول ادا کرتی ہیں ۔

برسی

پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے سابق وزیر بجلی مرحوم غلام حسن بٹ اور سابق ایم ایل اے مرحوم عبدا لاحد کار کو ان کی برسیوں پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

بھاجپا نامہ

صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی ایک نظریات BJP پردیش تحریک سے دنیا کی سب سے بڑی جمہوری سیاسی تنظیم بن کر ابھری ہے اور یہ صرف اور صرف پارٹی کے قوم پرستی ، سماجی خدمات اور تنظیمی نظم وضبط کے عزم کا نتیجہ ہے ۔
پنڈت دین دھیال اُپادھیائے پرشکشن مہا ابھیان 2026کے تحت سانبہ ضلع میں منظم کئے گئے ضلع سطح کے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ان باتوں کا اظہار کیا ۔

کی جنرل سیکریٹری سنجیتا ڈوگرہ نے کہا ہے کہ خواتین مضبوط کنبوں اور ترقی پسند BJP پردیش سماج کی بنیاد ہیں ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے ماترشکتی نامی نظم کا اجرا کرنے کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ۔

کے ریاستی ترجمان ڈاکٹر ہری دت شیشو نے جموں کشمیر میں سو روزہ نشہ مکت جموں BJP کشمیر ابھیان شروع کرنے پر ریاستی انتظامیہ خاص طور سے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی سراہنا کی ہے ۔

SSG

سرینگر کو لداخ سے ملانے والی سرینگر - سونہ مرگ - گُمری روڑ کو دو طرفہ ٹریفک کے لئے کھولا گیا ہے - اس سلسلے میں ڈویژنل کمشنر کشمیر کی جانب سے جاری کی گئی ایک نوٹفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اس سڑک پر آج سے دو طرفہ ٹریفک کو چلنے کی اجازت دی گئی - گاندربل ، دراس اور کرگل اضلاع کے حکام سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں روزانہ کی بنیادوں پر موسم سے متعلق ایڈوائزری کو ملحوظ نظر رکھیں - مسافروں کی سہولت کے لئے اس سڑک پر مناسب خدمات دستیاب رکھنے کی بھی ہدایت دی گئی ہے -

تیل

تیل کمپنیوں نے عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے چلتے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتونمیں تین روپے فی لیٹر اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

Boxing

راجوری ضلعے سے تعلق رکھنے والے14برس کی عمر کے محمد یاسر جمونوکشمیر کے پہلے چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا Boxing بن گئے ہیں جنہوننے انڈر 15 ایشین Boxer ہے۔ انہوننے چمپئن شپ کے فائنل میں ازبکستان کے کھلاڑی کو چار ایک سے شکست دی۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے میکنیکل انجینئرنگ شعبے نے انجینئر تقویٰ Aero Thermal مہم کے تحت کشمیر سے تعلق رکھنے والی Connect انڈسٹری قادری کے ساتھ ملاقات کی ایک نشست کا اہتمام کیا - اس کا مقصد یونیورسٹی کے طالب علموں کو تدریسی عمل اور انڈسٹری کے درمیان ربط کے بارے میں جانکاری دینا تھا - اس موقعہ پر تقویٰ قادری نے اپنے پیشہ ورانہ سفر اور اس شعبے میں اپنے تجربات کے بارے میں بتایا -

برکس

بھارت کی صدارت میں نئی دلی میں برکس ممالک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس جاری ہے - اجلاس کے دوسرے روز آج اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ یہ اجلاس عالمی استحکام کے لئے اہمیت کا حامل ہے - انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی مالی ڈھانچے میں اصلاحات وقت کا تقاضا ہے -

اس سے قبل ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایران کے وزیر خارجہ عباس اراگچی کے ساتھ علیحدہ میٹنگ کی -

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کاامکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 29منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر26منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی یہ خبر نامہ ختم ہوا ۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

.........................................

....................

.........

..